روزنامہ ٹیلی فون نمبر: 213029

C.P.L 29

الفضل

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

پیر 14 فروری 2005ء 4 محرم 1426 ہجری 14 تبلیغ 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 34

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایسے وقت میں تشریف لائے تھے جبکہ تمام دنیا اور تمام قومیں بگڑ چکی تھیں اور مخالف قوموں نے اس دعویٰ کو نہ صرف اپنی خاموشی سے بلکہ اپنے اقراروں سے مان لیا ہے۔ پس اس سے بداہت نتیجہ نکلا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم درحقیقت ایسے وقت میں آئے تھے جس وقت میں ایک سچے اور کامل نبی کو آنا چاہئے۔ پھر جب ہم دوسرا پہلو دیکھتے ہیں کہ آنجناب صلعم کس وقت واپس بلائے گئے تو قرآن صاف اور صریح طور پر ہمیں خبر دیتا ہے کہ ایسے وقت میں بلانے کا حکم ہوا کہ جب اپنا کام پورا کر چکے تھے۔ یعنی اس وقت کے بعد بلائے گئے جبکہ یہ آیت نازل ہو چکی کہ مسلمانوں کے لئے تعلیم کا مجموعہ کامل ہو گیا اور جو کچھ ضروریات دین میں نازل ہونا تھا وہ سب نازل ہو چکا۔ اور نہ صرف یہی بلکہ یہ بھی خبر دی گئی کہ خداتعالیٰ کی تائیدیں بھی کمال کو پہنچ گئیں اور جوق در جوق لوگ دین اسلام میں داخل ہو گئے اور یہ آیتیں بھی نازل ہو گئیں کہ خداتعالیٰ نے ایمان اور تقویٰ کو ان کے دلوں میں لکھ دیا اور فسق و فجور سے انہیں بیزار کر دیا اور پاک اور نیک اخلاق سے وہ متصف ہو گئے اور ایک بھاری تبدیلی ان کے اخلاق اور چلن اور روح میں واقع ہو گئی۔ تب ان تمام باتوں کے بعد سورۃ النصر نازل ہوئی جس کا ماحصل یہی ہے کہ نبوت کے تمام اغراض پورے ہو گئے اور اسلام دلوں پر فتحیاب ہو گیا۔ تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عام طور پر اعلان دے دیا کہ یہ سورت میری وفات کی طرف اشارہ کرتی ہے بلکہ اس کے بعد حج کیا اور اس کا نام حجۃ الوداع رکھا اور ہزارہا لوگوں کی حاضری میں ایک اونٹنی پر سوار ہو کر ایک لمبی تقریر کی اور کہا کہ سنو! اے خدا کے بندو! مجھے میرے رب کی طرف سے یہ حکم ملے تھے کہ تا میں یہ سب احکام تمہیں پہنچا دوں پس کیا تم گواہی دے سکتے ہو کہ یہ سب باتیں میں نے تمہیں پہنچا دیں۔ تب ساری قوم نے بآواز بلند تصدیق کی کہ ہم تک یہ سب پیغام پہنچائے گئے تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ آسمان کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ اے خدا ان باتوں کا گواہ رہ۔

(نور القرآن- روحانی خزائن جلد 9 صفحہ 361)

خداداد رعب

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

پہلے نبیوں سے میری امتیازی خصوصیات میں سے ایک یہ ہے کہ مجھے ایک مہینہ کی مسافت تک رعب عطا کیا گیا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب التیمّم باب لم تجدوا ماء حدیث نمبر 323)

ضرورت محررین

دفاتر تحریک جدید میں محررین کی کچھ آسامیاں خالی ہیں۔ خدمت دین کا شوق رکھنے والے اور ملازمت کے خواہش مند ایسے افراد جو کمپیوٹر کا علم اور کمپوزنگ (ان پیج مائیکروسافٹ ورڈ اور کورل ڈرا) کا تجربہ رکھتے ہوں وہ اپنی تعلیمی اسناد اور ایک عدد تصویر کے ہمراہ وکالت دیوان تحریک جدید سے رابطہ کر لیں۔ امیدوار کا ایف۔اے/ایف ایس سی کم از کم سیکنڈ ڈویژن ہونا ضروری ہے۔ بی اے/بی ایس سی بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ امیدوار کی عمر 40 سال سے زائد نہ ہو۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ) فون: 04524-213563

داخلہ جماعت اول ادنیٰ 2005ء

بیوت الحمد پرائمری سکول بیوت الحمد کالونی ربوہ

2005ء میں ہونے والے داخلہ جات بیوت الحمد پرائمری سکول کا شیڈیول درج ذیل ہے۔ داخلہ کے خواہش مند والدین سے درخواست ہے کہ اس شیڈیول کے مطابق اپنے بچوں کے داخلہ کی کارروائی مکمل کروالیں۔

☆ داخلہ ٹیسٹ 7/اپریل 2005ء کو صبح نو بجے بیوت الحمد سکول میں ہوگا۔

☆ داخلہ ٹیسٹ کا نصاب، داخلہ فارم و پراسپکٹس سکول سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

☆ داخلہ کے وقت بچے کی عمر ساڑھے چار سال تا ساڑھے پانچ سال ہو۔

☆ داخلہ فارم کے ساتھ بچے کا پیدائش سرٹیفکیٹ (Birth Certificate) جمع کروانا لازمی ہوگا۔ اس لئے جن والدین نے یہ سرٹیفکیٹ نہیں بنوایا وہ جلد بنوالیں

☆ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 5/اپریل 2005ء مقرر ہے۔

اسی طرح باقی کلاسز میں بھی محدود سیٹوں پر داخلہ جات بھی اسی شیڈیول کے مطابق ہوگا۔ تاہم باقی کلاسز کے داخلہ کیلئے پیدائش سرٹیفکیٹ کے ساتھ سکول لیونگ (School Leaving) سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہوگا۔ (ہیڈ مسٹریس بیوت الحمد پرائمری سکول)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

155

پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

بیعت کی ترغیب

حضرت منشی سر بلند خان صاحب (ولادت 1884ء یا 1885ء، بیعت 1904ء وفات 9 دسمبر 1965ء) اپنے قبول احمدیت کا واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

دل سے تو میں 1902ء ہی میں احمدی ہو گیا تھا مگر بیعت میں نے 1904ء میں کی تھی۔ احمدیت کی طرف راغب ہونے کا ذریعہ یہ بنا کہ میرے چچا حضرت منشی علی گوہر صاحب احمدی تھے اور ملتان کے علاقہ میں رہتے تھے۔ میں بھی مڈل پاس کر کے ان کے پاس ملتان چلا گیا۔ ان کے ہاں اخبار ''الحکم'' آتا تھا۔ حضرت اقدس کی کتابیں بھی ان کے پاس تھیں اور مجھے مطالعہ کا شوق تھا۔ میں اخبار اور کتابوں کا مطالعہ کر کے اس نتیجہ پر پہنچ گیا تھا کہ حضرت مسیح موعود یقیناً سچے ہیں۔ 1903ء میں پٹوار کا کام سیکھنے کے لئے میری ڈیوٹی موضع ببری ننگل نزد دھاریوال ایک مسلمان پٹواری کے ساتھ لگی۔ میں چونکہ احمدیت کا اس کے ساتھ ذکر کرتا تھا اس لئے وہ میرا مخالف ہو گیا تھا۔ پھر میں ایک ہندو پٹواری کے پاس موضع چھینا چلا گیا۔ اس نے مجھے خوب کام سکھایا چھینا میں طاعون کی بیماری زوروں پر تھی۔ اس لئے اس پٹواری کے مشورہ سے میں نے اپنی رہائش موضع شیر پور میں اختیار کر لی۔ ہرسیاں گاؤں ساتھ تھا۔ وہاں محترم مولوی عبدالغفور صاحب فاضل مرحوم کے والد میاں فضل محمد صاحب رہتے تھے، ان کی صحبت حاصل ہوگئی اور میں نے بھی ان کے ساتھ ہر جمعہ کو قادیان جانا شروع کر دیا۔ سیکھواں کی جماعت کے احباب بھی باقاعدہ جمعہ پڑھنے قادیان جایا کرتے تھے۔ ایک روز مجھے حضرت میاں امام الدین صاحب نے کہا میاں! تم نے بیعت کی ہے یا نہیں؟ میں نے کہا۔ ابھی نہیں کی۔ فرمایا۔ جلدی کرو۔ کیا دیکھ رہے ہو؟ اس پر میں نے بیعت کر لی۔ عشاء کی نماز کا وقت تھا۔ ایک اور آدمی بھی ساتھ تھا۔ میں نے حضرت اقدس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا اور ہم دونوں نے بیعت کر لی۔

(لاہور۔ تاریخ احمدیت ص 341)

زیارت امام

حضرت چوہدری غلام قادر خاں صاحب (ولادت 1888ء۔ بیعت 1904ء) ولد چوہدری خیرو خاں صاحب سکنہ لنگڑوعہ تحصیل نوانشہر ضلع جالندھر نے اپنے خاندانی حالات اور قبولیت احمدیت کا واقعہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ

میں ایک معزز راجپوت خاندان کے ساتھ تعلق رکھتا ہوں۔ ہمارے گاؤں اور علاقہ میں اکثریت راجپوتوں کی تھی۔ میرے والد ماجد کا نام چوہدری خیرو خاں تھا جو کہ ایک صاحب علم۔ صوم وصلوٰۃ کے پابند رئیس آدمی تھے۔ میں ابھی چھٹی جماعت ہی میں تھا کہ آپ اپنے محبوب حقیقی سے جا ملے۔ میرے بڑے بھائی چوہدری محمد امیر خاں میری سرپرستی کرتے تھے۔ پلیگ کے ایام میں میرے بہنوئی ڈاکٹر دوست خاں مجھے اپنے پاس امرتسر لے گئے۔ وہاں میں نے 1903ء میں فرسٹ ڈویژن لے کر میٹرک پاس کیا۔ اس وقت میری عمر 19-20 سال کی تھی۔ 1903ء ہی کا واقعہ ہے کہ بورڈنگ ہاؤس میں جہاں میں رہا کرتا تھا ایک احمدی بورڈ رلڑ کے کریم اللہ نامی سکنہ فیض اللہ چک ضلع گورداسپور نے بیان کیا کہ حضرت اقدس مسیح موعود آج جہلم جانے کے لئے امرتسر سے گزریں گے۔ پیشتر اس کے حضرت حاجی غلام احمد صاحب سکنہ کریام قادیان سے واپس آ کر مجھے امرتسر بورڈنگ ہاؤس میں تشریف لا کر بتلا گئے تھے کہ انہوں نے حضرت مسیح موعود کی بیعت کر لی ہے۔ ان کی بیعت کی وجہ سے میرے دل میں بھی اس بات کی زبردست خواہش پیدا ہوئی کہ میں کم از کم ایسے شخص کی زیارت تو کر لوں۔ چنانچہ ہم کئی لڑکے اکٹھے ہو کر حضور کی زیارت کے لئے امرتسر اسٹیشن پر پہنچے۔ امرتسر کی جماعت نے حضور کے لئے چائے وغیرہ کا بھی انتظام کیا ہوا تھا۔ جب گاڑی آ کر اسٹیشن پر ٹھہری تو نامعلوم کیا کشش تھی کہ ہم نے بھی درود شریف پڑھتے ہوئے اور کشاں کشاں بڑھتے ہوئے حضور سے السلام علیکم کہا اور مصافحہ کیا۔ حضور کے چہرہ مبارک کو دیکھا جو بہت نورانی تھا۔ چنانچہ جو طالب علم زیارت کے لئے گئے بعد ازاں ان میں سے کئی ایک کو احمدیت قبول کرنے کی توفیق ملی۔ ازاں جملہ ایک طالب علم عطر دین صاحب بھی تھے جو بعد ازاں ڈاکٹر عطر دین مشہور ہوئے۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد میں نے اسلامیہ کالج انجمن حمایت اسلام لاہور میں داخلہ لیا۔ اور جب موسمی تعطیلات میں اپنے گاؤں واپس گیا تو میرے ایک چچا زاد بھائی چوہدری جیوے خاں صاحب بھی احمدی ہو چکے تھے اور اردگرد کے دیہات کریام۔ سڑوعہ۔ کاٹھ گڑھ اور بنگہ وغیرہ میں جماعتیں قائم ہو چکی تھیں۔

تعطیلات کے ایام میں چوہدری جیوے خاں صاحب مذکور مجھے چوہدری غلام احمد صاحب سکنہ کریام سے حضرت مسیح موعود کی کتابیں لا لا کر دیا کرتے تھے۔ جن کو میں نے خوب پڑھا۔ چنانچہ مجھ پر احمدیت کی صداقت ظاہر ہوگئی اور میں نے اپریل 1904ء میں قادیان جا کر حضور کی بیعت کر لی۔

(لاہور۔ تاریخ احمدیت ص 338)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم باسط احمد صاحب مربی سلسلہ آئیوری کوسٹ لکھتے ہیں۔ خاکسار کے والد محترم چوہدری نذیر احمد صاحب اختر زعیم انصار اللہ و سیکرٹری اصلاح وارشاد دارالرحمت وسطی ربوہ مورخہ 21 جنوری 2005ء کو آبی جان آئیوری کوسٹ میں مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ ابا جان گزشتہ 7 ماہ سے خاکسار کے پاس آئے ہوئے تھے جہاں خدا تعالیٰ کی طرف سے بلاوا آ گیا۔ مرحوم موصی تھے۔ آپ کی نماز جنازہ آبی جان میں محترم عبدالرشید انور صاحب امیر و مشنری انچارج آئیوری کوسٹ نے مورخہ 26 جنوری کو بیت اقصیٰ آبی جان میں پڑھائی۔ مورخہ 28 جنوری خاکسار جنازہ لے کر ربوہ پہنچا جہاں بعد نماز عصر بیت المبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد دعوت الی اللہ نے مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی اور قبر تیار ہونے پر مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید نے دعا کرائی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اپنی مغفرت کی چادر میں لپیٹے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین آپ نے تین بیٹے (سہیل احمد صاحب بلال فوٹوسٹیٹ ربوہ خاکسار باسط احمد مربی سلسلہ آئیوری کوسٹ، آصف احمد صاحب فیصل آباد) اور ایک بیٹی مکرمہ ثمینہ شمیم صاحبہ اہلیہ شمیم اختر صاحب بھٹی لندن اور 12 پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں یادگار چھوڑے ہیں۔ آپ کے ایک پوتے مکرم مشہود احمد صاحب بھی واقف زندگی ہیں اور جامعہ احمدیہ ربوہ میں زیر تعلیم ہیں۔ ابا جان پرجوش داعی الی اللہ اور خلافت احمدیہ کے عاشق تھے۔ 1954ء میں لندن میں 18 سال کی عمر میں احمدیت قبول کرنے کی توفیق پائی۔ اپنے خاندان والوں کو بہت دعوت الی اللہ کی۔ ساری عمر تقویٰ، دیانت داری اور شرافت سے بسر کی۔ لین دین میں نہایت صاف تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت کرے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم آصف مجید بھٹی صاحب کارکن وکالت مال ثانی تحریک جدید لکھتے ہیں۔ خاکسار کے خالو مکرم محمد شریف صاحب کی انجیو پلاسٹی Afi.C راولپنڈی میں ہوئی ہے اللہ تعالیٰ کے فضل سے طبیعت بہتری کی طرف مائل ہے احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو جلد از جلد صحت یاب کرے اور پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔

ولادت

مکرم نسیم احمد شمس صاحب مربی سلسلہ اصلاح وارشاد مرکزیہ ربوہ لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے میری بیٹی مکرمہ رضیہ شمس (نوبل) اور مکرم عرفان احمد صاحب کو مورخہ یکم فروری 2005ء کو لندن میں پہلی بچی سے نوازا ہے۔ جس کا نام تحریم احمد تجویز ہوا ہے بچی تحریک وقف نو میں شامل ہے نومولودہ مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صاحب ناصر مسعود آباد (سمن آباد) فیصل آباد کی پوتی اور مکرم ماسٹر عبدالعزیز صاحب مرحوم چک 245/E.B ضلع وہاڑی کی نسل ہے۔ بچی کے نیک سیرت اور خادمہ دین ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

نکاح

مکرم سردار علی شہباز صاحب ابن علی محمد صاحب مرحوم دارالرحمت شرقی الف ربوہ لکھتے ہیں ۔مکرمہ سعدیہ صدیق صاحبہ بنت محمد صدیق صاحب مرحوم دارالنصر شرقی کا نکاح مکرم سید ناصر احمد شاہ صاحب ابن مکرم سید محمد سلیمان شاہ صاحب مرحوم ساکن دارالرحمت شرقی الف کے ساتھ مبلغ ایک لاکھ روپے حق مہر پر مورخہ 19 جنوری 2005ء کو محترم محمد طارق محمود صاحب مربی سلسلہ نے دفتر رشتہ ناطہ میں پڑھا۔ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس نکاح کو جانبین کیلئے ہر لحاظ سے مبارک کرے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم محمد رفیع جنجوعہ صاحب سیکرٹری تحریک جدید محلّہ دارالرحمت شرقی (ب) ربوہ لکھتے ہیں کہ میری نسبتی ہمشیرہ محترمہ ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم بشیر احمد ناصر صاحب پیپلز کالونی فیصل آباد، عزیز فاطمہ ہسپتال میں بوجہ مختلف عوارض داخل ہیں۔ حالت تشویشناک تھی۔ لیکن اب خدا نے فضل کیا اور طبیعت بہتری کی طرف مائل ہو رہی ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے موصوفہ کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم ڈاکٹر نصیر احمد صاحب زاہد صدر جماعت نبی سر روڈ لکھتے ہیں۔ مکرم سیٹھ محمد اسحاق صاحب آف نواب شاہ ایک ہفتہ سے سخت بیمار اور بے ہوشی کی حالت میں ہیں۔ سیٹھ محمد اسحاق صاحب ناظم انصاراللہ ضلع نواب شاہ محمد اشفاق صاحب کے والد اور سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر ضلع نواب شاہ کے بھائی ہیں۔ ان کیلئے خاص دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

از افاضات حضرت خلیفة المسیح الرابع

قرآن کریم میں ایٹمی تباہی کے متعلق پیشگوئیاں

مرتبہ: ریحانہ صدیقہ بھٹی صاحبہ

قرآن کریم کی وہ پیشگوئیاں جو ہمارے دور کے واقعات اور ایجادات سے متعلق ہیں، ان میں سے کچھ غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ انہی میں سے ایک پیشگوئی عنقریب ہونے والے نیوکلیئر قتل عام کے خطرات سے آگاہ کر رہی ہے۔

یہ پیشگوئی اس وقت کی گئی جب انسان کا تصور کسی طرح بھی ایٹمی دھماکے کے خیال تک نہیں پہنچ سکتا تھا۔ لیکن جیسا کہ ہم آگے چل کر اس کی وضاحت کریں گے کہ قرآن مجید کی کچھ آیات میں واضح طور پر ان چھوٹے ذرات کا ذکر ہے۔ جو توانائی کا عظیم ذخیرہ ہیں اور جن میں جہنم کی آگ بند ہے۔ یقیناً یہ حیرت انگیز ہے لیکن بالکل یہی (مضمون) ان آیات میں لفظاً لفظاً بیان ہوا ہے۔

ترجمہ:۔

ہلاکت ہو ہر غیبت کرنے والے سخت عیب جُو کے لئے۔ جس نے مال جمع کیا اور اس کا شمار کرتا رہا۔ وہ گمان کیا کرتا تھا کہ اس کا مال اسے دوام بخش دے گا۔ خبردار! وہ ضرور حطمہ میں گرایا جائے گا۔ اور تجھے کیا معلوم کہ حطمہ کیا ہے۔ وہ اللہ کی آگ ہے بھڑکائی ہوئی۔ جو دلوں پر لپکے گی۔ یقیناً وہ ان کے خلاف بند رکھی گئی ہے۔ ایسے ستونوں میں جو کھینچ کر لمبے کئے گئے ہیں۔ (سورة الھمزة آیت 2 تا 10)

قرآن کی اس چھوٹی سی سورة میں واقعتاً حیران کر دینے والے انکشافات موجود ہیں جو اس دور کے لوگوں کی پہنچ سے بہت دور تھے۔ ایک خاص گناہ میں مبتلا لوگوں کو حطمہ میں ڈالا جانا یقیناً حیرت کی بات نہیں ہے۔ دراصل حطمہ کا مطلب ہے۔ حقیر چھوٹا ترین ذرہ جیسا کہ ہم روشنی کی شعاع کو دیکھتے ہیں جو کہ ایک معمولی سی جگہ سے بھی گزر جاتی ہے۔

مستند عربی لغات میں حطمہ کے دو بنیادی مطلب بیان ہوئے ہیں۔ پہلا حُطَمہ (hotama) ہے جس کا مطلب ہے ''کوٹنا'' یا بہت باریک سفوف تیار کرنا۔ دوسرا مطلب ہے حِطَمہ (hitama) ہے جس کا مطلب ہے چھوٹا ترین حقیر ذرہ۔ لہٰذا حطمہ کسی چیز کو اس کے چھوٹے ترین ذرات میں توڑنے سے حاصل ہوتا ہے۔

یہ دونوں مطالب ایسے نہایت چھوٹے ذرات کے لئے استعمال ہوتے ہیں جو مزید تقسیم نہ ہو سکتے ہوں۔ کیونکہ چودہ سو سال پہلے ایٹم کا کوئی تصور موجود نہیں تھا لہٰذا اس کا قریب ترین متبادل صرف حطمہ ہی ہو سکتا تھا جو ایٹم کے قریب ترین معنی دیتا ہے۔ یقیناً یہ حیران کن دعویٰ ہے کہ ایک وقت آئے گا جب انسانوں کو حطمہ میں ڈالا جائے گا اس کے ساتھ ہی ایک اور دعویٰ بھی ہے کہ یہ ان کی ہوش میں ہوگا۔

لفظ حطمہ کی وضاحت میں قرآن مجید اس بھڑکتی ہوئی آگ کا ذکر کرتا ہے جو بڑے ستونوں میں تیار کی گئی ہے اور جب آدمی کو اس میں ڈالا جائے گا تو یہ اس طرح سیدھی دل پر حملہ کرے گی کہ جیسے درمیان میں کوئی پسلیوں کا ڈھانچہ تھا ہی نہیں۔ یعنی یہ بالکل مختلف قسم کی آگ ہے جو جسم کو جلانے سے پہلے دل پر حملہ کرتی ہے۔ یقیناً اس دور کا آدمی اس طرح کی کسی آگ کے متعلق نہیں جانتا تھا۔ اس تشریح کے بعد کے حصے زیادہ حیرت انگیز ہیں کہ وہ آگ کھینچ کر لمبے کئے گئے ستونوں میں بند ہے اور انسان پر حملہ کرنے کے لئے بے چین ہے۔

اس جگہ یہ چند بیانات حیرتوں کے انبار ہیں۔ پہلی حیرت تو یہ دعویٰ ہے کہ وہ وقت آئے گا جب آدمی کو چھوٹے ترین ذرہ میں ڈالا جائے گا اور پھر اس حقیر ذرہ کی حیران کن تفصیلات ہیں۔ اس ذرہ میں ایک قسم کی آگ ہے جو کھینچ کر لمبے کئے گئے ستونوں میں بند ہے۔

آدمی کو اس چھوٹے ذرہ میں ڈالنے کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ایک اکیلے آدمی کو پکڑ کر اس میں ڈالا جائے گا۔ آدمی کا لفظ ایک مخصوص جنس کے نام کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اس کا اس اذیت ناک دباؤ میں ڈالا جانا دراصل تکلیف کی اس شدت کو ظاہر کرتا ہے جو ان پر قیامت بن کر ٹوٹے گی۔ یہ تصور صرف آج کے دور ہی میں ممکن ہے جب آدمی نے ایٹم کے رازوں کو دریافت کر لیا اور توانائی کے ان بے انتہاء ذخیروں کو بھی جن پر وہ مشتمل ہیں۔ آج چھوٹے ترین ذرات میں چھپی ہوئی آگ ظاہر ہو گئی ہے جو ہزاروں مربع میل پر پھیلے ہوئے بڑے رقبے کو نگل لیتی ہے اور ہر اس چیز کو بھی جو اس کی پہنچ کے اندر ہے، خواہ آدمی ہو یا کچھ اور لہٰذا جو کچھ آج سے چودہ سو سال پہلے غیر حقیقی نظر آتا تھا آج ایسی عام حقیقت بن چکا ہے جس کو ایک چھوٹا بچہ بھی سمجھ سکتا ہے۔

حیرت کا مبالغہ آمیز اظہار اس عظیم پیشگوئی کے ساتھ انصاف کرنے سے قاصر ہے۔ یہ حقیقت بھی کچھ کم حیران کن نہیں کہ اس دور کے لوگ اس چھوٹی سی سورة الھمزة کی اہمیت کو نہ جان سکے یا پھر یہ ان کے دلوں کی بجائے ان کے ایمانوں اور اعتقادوں تک رہی ہوگی۔ یہ تعجب خیز بیانات ان کی توجہ کا مرکز نہ بن سکے اور یہ پیش گوئیاں جنہوں نے دنیا کو چیلنج دینا تھا بغیر چیلنج دیئے گزر گئیں۔ شائد اس وقت کے لوگوں نے اپنے ایمان کے لئے یہ تدبیر تلاش کر لی تھی کہ یہ آیات اس دنیا کے حالات کے لئے نہیں بلکہ بعد میں آنے والی پُر اسرار دنیا سے متعلق ہیں۔ بہت سے مفسرین نے تو ان آیات کی تشریح کرنے کی کوشش سے بھی اجتناب کیا ہے۔ چند ایک جنہوں نے یہ چیلنج قبول کیا انہوں نے بھی اس کے اصل معنوں کو پیچھے چھوڑ کر قیامت کے وقت سے تشریح کی ہے اور خود کو آزادانہ طور پر اس کی تشریح کے بوجھ سے آزاد کر لیا۔

مغربی مستشرقین میں سے سیل (Sale) کو بھی اسی مسئلہ کا سامنا کرنا پڑا کہ لفظ حطمہ کا لفظی طور پر کیا ترجمہ کیا جائے۔ اس نے حطمہ کا ترجمہ کئے بغیر صرف یہ لکھ دیا کہ بڑی تعداد میں لوگوں کو حطمہ میں ڈالا جائے گا۔ انگریزی دان افراد اگر اس بات کا نامعتبر ہونے کا اظہار کرتے ہیں کہ یہ ناممکن ہے کہ لوگوں کو ایک چھوٹے سے ذرہ میں ڈالا جائے گا تو اس میں حیرت کی کوئی بات نہیں۔ حطمہ کیا ہے اس کا انہیں کوئی تصور نہیں وہ ایک بڑے جلتے ہوئے ہال کو حطمہ تصور کرنے میں آزاد ہیں۔ سیل (Sale) کی اس چال نے اسے اس ترجمہ کی شرمندگی سے بچا لیا۔ تاہم بیک وقت وہ اس حیرت انگیز پیش گوئی کے ساتھ انصاف کرنے سے قاصر رہا۔

آگ جس کو اس آیت میں بیان کیا گیا ہے۔ خواہ یہ اس زمین پر آتشزدگی ہو یا بعد کی دنیا کا آگ کا قہر ہو۔ بہر حال کوئی طریقہ نہیں کہ اس کو ایک چھوٹی سی جگہ میں بند کر دیا جائے لیکن یہی ایک اکیلا معمہ نہیں جس کا سیل (Sale) اور دوسرے ابتدائی مفسرین کو سامنا کرنا پڑا۔ آخر وہ آگ کیا ہے جو ان چھوٹے ستونوں میں بند ہے جو کھینچ کر لمبے کئے گئے ہیں۔ کیا ایٹمی دور کا سورج طلوع ہونے سے پہلے ان سب کو اکٹھا تصور میں لانا ممکن تھا؟ اس سوال کو حتمی طور پر حل کرنا ہوگا۔ اس کا ہر ٹکڑا ٹھیک جگہ رکھ کر۔

کوئی شخص قرآن کے اس بیان ''کھینچ کر لمبے کئے گئے ستون'' کا مکمل طور پر ادراک نہیں کر سکتا جب تک کہ وہ اس سائنسی وضاحت سے پوری طرح آگاہ نہ ہو کہ ایٹمی دھماکہ کس طرح ہوتا ہے اور اس دوران ایٹمی کمیت (Atomic Mass) میں کیا تبدیلیاں ہوتی ہیں۔ نیوکلیئر ماہرین فاصل کمیت (Critical Mass) کی اس حالت کو جو پھٹنے کے وقت ہوتی ہے۔ اس طرح بیان کرتے ہیں جیسے کوئی چیز ایک بڑے دباؤ کے تحت کھینچ کر لمبی ہو رہی ہے اور تھرتھرا رہی ہے۔ یہ دباؤ نیوکلیائی کے پھٹنے سے پہلے اس کے کھینچ کر لمبے ہونے سے پیدا ہوتا ہے اور اس عمل میں ایک بڑے ایٹمی وزن کا عنصر دو عناصر میں پھٹ جاتا ہے جو کم ایٹمی وزن کے ہوتے ہیں۔ ان دو نئے بننے والے عناصر کے کل ایٹمی وزن (Atomic Weight) کا مجموعہ ابتدائی عنصر (Parent Element) کے ایٹمی وزن سے کم ہوتا ہے۔ ایٹمی وزن کا وہ چھوٹا حصہ جو اس عمل میں ضائع ہو گیا تھا توانائی کی شکل میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ ہم نے اس وضاحت کو صرف نیوکلیئر بم کی تشریح کے لئے ہی نہیں پیش کیا بلکہ اس سادہ سی عبارت میں ''کھینچ کر لمبے کئے گئے ستونوں'' کی وضاحت ہے۔

اب اس مسئلہ کو دیکھتے ہیں کہ کس طرح یہ آگ سیدھی دل پر حملہ کرتی ہے۔ اس کے لئے ایک سائنسی وضاحت درج ذیل ہے:۔

جس وقت ایٹمی دھماکہ ہوتا ہے تو گاما ریز (Gamma Rays)، نیوٹران اور ایکس ریز (X-Rays) کے ساتھ بڑی تعداد میں تیزی کے ساتھ نکلتی ہے۔ ایکس ریز (X-Rays) درجہ حرارت کو ایک دم بہت زیادہ بڑھا دیتی ہیں اور ایک آگ کا گولہ بنتا ہے جو تیزی کے ساتھ اوپر چڑھتا ہے۔ ایٹمی دھماکہ میں درجہ حرارت نہایت تیزی کے ساتھ بڑھتا ہے۔ یہ آگ کا سائبان ایک بڑی کھمبی کی طرح ہوتا ہے اور دور سے دیکھا جا سکتا ہے۔

ایکس ریز، نیوٹران کے ساتھ چاروں طرف سفر کرتی ہیں اور بہت زیادہ حدت پیدا کرتی ہیں اور اپنے راستہ میں آنے والی ہر چیز کو جلا ڈالتی ہیں۔ گرمی کے بڑھنے کی یہ رفتار آواز کی رفتار سے کئی گنا زیادہ ہوتی ہے جو شاک ویوز (Shockwaves) بھی پیدا کرتی ہے۔ لیکن گاما ریز اس سے بھی بہت زیادہ تیز رفتار اور جلد سرایت کر جانے والی شعاعیں ہیں اور گرمی کی شدت کو روشنی کی رفتار سے آگے پہنچاتی ہیں۔ ان میں اس قدر ارتعاش ہوتا ہے کہ یہ ارتعاش سیدھا دل کو بند کر دیتا ہے۔ لہٰذا موت کا سبب ایکس ریز کی وجہ سے بلند ہوتا درجہ حرارت نہیں بلکہ گاما ریز کی خوفناک توانائی اس اچانک موت کا باعث بنتی ہے۔

سورة الدخان کی ان آیات میں بھی قرآن ایک مہلک اور جان لیوا ریڈیائی دھوئیں کے بارے میں بتاتا ہے۔

پس انتظار کر اس دن کا جب آسمان ایک واضح دھواں لائے گا۔ جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا۔ یہ ایک بہت دردناک عذاب ہوگا۔

(سورة الدخان آیت 12,11)

اور پھر اس دھوئیں کو ان آیات میں بیان کیا گیا۔

اس کی سمت چلو جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ ایسے سائے کی طرف چلو جو تین شاخوں والا ہے۔ نہ تسکین بخش ہے نہ آگ کی لپٹوں سے بچاتا ہے۔ یقیناً وہ ایک قلعہ کی طرح کا شعلہ پھینکتا ہے۔ گویا وہ جوگیا رنگ کے اونٹوں کی طرح ہے۔

(سورة المرسلات آیات 30 تا 34)

ان الفاظ میں ''اس کی سمت چلو'' یہ اشارہ ہے کہ رفتہ رفتہ انسان ایک ایسے دور میں داخل ہوگا جہاں وہ ان مہلک بادلوں کا سامنا کرے گا جو کوئی سایہ یا حفاظت فراہم نہیں کرتے۔ (عام طور پر) سائے سکون اور پناہ فراہم کرتے ہیں۔ بادل ہمارے اور جھلساتی ہوئی دھوپ کے درمیان آجاتے ہیں۔ اوپر والی آیت میں کسی سورج کا ذکر نہیں صرف ایک آگ ہے جس کی شدت سے یہ سایہ کوئی حفاظت فراہم نہیں کرے گا بلکہ اس کی بجائے بادلوں کا یہ سایہ آگ کی شدت کو (انسان تک) پہنچانے کا ایک ذریعہ بنتا ہے۔ اس سائے کے اندر کوئی بھی محفوظ نہیں۔ اس آیت میں واضح طور پر ایک تابکار بادل کی تصویر کشی کی گئی ہے۔

ان شعلوں کی وضاحت کی گئی ہے کہ دھندلے اور پیلے رنگ کے عظیم شعلے بلند ہوں گے۔ ان شعلوں کی تشبیہ قلعوں اور جوگیا رنگ کے اونٹوں سے دی گئی ہے۔ شاید یہاں صرف اونٹوں کی رنگت سے ہی نہیں بلکہ اس کی کوہان کی شکل سے بھی مماثلت ہے۔

ساتویں صدی کے لوگ اس مہلک دھوئیں یا بادلوں کی اہمیت کو نہیں سمجھ سکتے تھے۔ یہ ان کے فہم سے بہت دور کی بات تھی۔ تاہم آج ہم ایٹمی دھماکہ اور اس سے پیدا ہونے والے تابکار دھوئیں کے تصور کو سمجھ سکتے ہیں۔ یہ وضاحت قرآن میں ایک دوسری جگہ اس طرح بیان ہوئی ہے۔

ہلاکت ہے اس دن جھٹلانے والوں پر۔

(سورۃ المرسلات آیت 16)

''اس دن'' سے مراد جزا سزا کا دن بھی ہوسکتا ہے لیکن یہ ایسے وقت کے بارے میں بھی کہا جاتا ہے جو زمین پر ہوگا۔ اس دن وہ لوگ جنہوں نے نشانات کو ماننے سے انکار کیا ایک ایسے دھوئیں کے ذریعے سزا دیئے جائیں گے جس کے مہلک سائے کے نیچے کوئی چیز محفوظ نہیں ہے۔ یہ سایہ ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرے گا۔ یہ ایسا سایہ ہے جس میں اذیت ہی اذیت ہے اور کوئی سکون نہیں ہے۔ اس وقت اس دردناک الٰہی سزا کو دیکھ لینے کے بعد انسان بالآخر عاجزی اختیار کرتے ہوئے خدا کی طرف جھکے گا اور اس سے اس ناقابل برداشت عذاب سے بچنے کے لئے مدد طلب کرے گا۔ لیکن جب خدا کے غضب کے نزول کا وقت آجاتا ہے تو معافی اور نجات کا وقت اس سے بہت پہلے ختم ہو چکا ہوتا ہے۔ لہٰذا قرآن میں آتا ہے۔

ان کے لئے اب کہاں کی نصیحت جبکہ ان کے پاس ایک روشن دلائل والا رسول آچکا تھا۔ پھر بھی انہوں نے اس سے اعراض کیا اور کہا سکھایا پڑھایا ہوا (بلکہ) پاگل ہے۔ (سورۃ الدخان آیات 15،14)

انبیاء صرف انسانوں کو عذاب کے خطرات سے ڈرانے کے لئے آتے ہیں اور انسانوں پر عذاب صرف ان کی اپنی حماقتوں کا نتیجہ ہوتا ہے۔ اوپر بیان کی گئی پیش گوئیاں واضح طور پر ہمارے دور سے مطابقت رکھتی ہیں۔ پہلے وقتوں کا آدمی ان حالات سے مکمل طور پر ناآشنا تھا۔ ایک حیرت انگیز بات یہ ہے کہ کیا ان تمام پیش گوئیوں کی مکمل تشریح حضرت محمد ﷺ پر وحی ہوئی تھی۔ کیونکہ جس وضاحت کے ساتھ انہوں نے مستقبل کے واقعات بیان کئے ہیں اس سے یہ تاثر ابھرتا ہے جیسے وہ یہ سب کچھ اپنے سامنے ہوتا دیکھ چکے ہوں۔ لیکن باقی دنیا کو ان پیش گوئیوں کو سمجھنے کے لئے ایک ہزار سال سے زائد عرصہ انتظار کرنا پڑا۔ کیونکہ ان واقعات کی ان دیکھی دنیا سے حقیقی دنیا میں منتقلی صرف نیوکلیائی دور ہی میں ممکن تھی۔

ایٹمی دھماکے سے متعلق اصولوں کی خلاف ورزی کا المناک نتیجہ ہوسکتا ہے۔ لہٰذا اب انسان کو تھوڑی سی توجہ اس برائی کی جڑوں کو تلاش کرنے اور ان کی تحقیق کرنے پر بھی دینی ہے۔ کبھی کبھی آدمی کی نظر اس سطح کے اندر بھی جاتی ہے جسے وہ سرسری انداز میں دیکھتا رہا ہے۔ ان میں سے کچھ لوگ اپنے اندر چھپے ہوئے اس نفس کا مشاہدہ کرسکتے ہیں جو انہیں اس برے ارادے کے لئے ابھارتا ہے۔ یہ اندھاپن ہے جو آدمی کی کج روی سے تعلق رکھتا ہے۔ اگرچہ وہ اپنے اردگرد پھیلی ہوئی برائیوں اور تکلیفوں کا ذمہ دار ہوتا ہے لیکن وہ ان (مسائل) کے پیچھے اپنے ہی ہاتھوں کی موجودگی کو محسوس نہیں کرتا۔

ہم تمام دنیا پر پھیلے ہوئے اذیتوں کے ایک سلسلے کو دیکھ رہے ہیں۔ ایک سائنسدان نیوکلیئر دھماکے سے متعلق صرف لفظی اور عملی تشریح بیان کرسکتا ہے۔ لیکن جب یہ تباہ کن ہتھیار انسانوں کا امن تباہ کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں تو اس کے ذمہ دار سائنسدان نہیں ہوتے بلکہ اس کی جڑیں کہیں اور ہیں۔ بلاشبہ یہ دنیا کی عظیم طاقتیں ہیں جو اس طرح کے ظالمانہ اور بے حس فیصلے کرتی ہیں۔ وہ عظیم نہیں ہیں بلکہ چند امراء کی اجتماعی خودغرضی کے ہاتھوں میں صرف ایک مہرہ ہیں۔

اگرچہ قرآن میں ان تمام واقعات کا نہایت فصیح و بلیغ بیان آیا ہے لیکن کسی سائنسدان کے معمولی سے کردار کا بھی ذکر نہیں ہوا۔ اس کی بجائے ہماری توجہ انسانوں کے گرتے ہوئے غیر اخلاقی رویوں کی طرف دلائی گئی ہے۔ (اس کی مثال) بالکل بندوق کی لبلبی کی طرح ہے۔ ہماری توجہ بندوق کی لبلبی کی بجائے ان انگلیوں کی طرف دلائی گئی ہے جو اس کو دبا رہی ہیں۔ یہی قرآن کی تنبیہات کا مقصد ہے۔ قرآن بار بار یہ اعلان کررہا ہے کہ وہ تمام خطرناک صورتحال جس کا انسان کو سامنا ہے اس کا انسان خود ذمہ دار ہے۔ لہٰذا قرآن کے مطابق احتیاطی تدابیر یہ ہیں کہ انسان کے کردار کو بہتر بنایا جائے۔ الٰہی تعلیمات کی روشنی میں اگر لوگ اپنے چال چلن کو بدلیں اور اپنے رویے بہتر بنائیں تو ایک صحت مند ماحول پیدا ہوگا جو عدل و انصاف اور صاف ستھری زندگی کو پروان چڑھانے کے لئے ضروری ہے۔

قرآنی پیش گوئیوں سے جو روشنی کا مینار بنتا ہے اس کی چمک میں وہ تمام چٹانیں اور راستے صاف نظر آرہے ہیں کہ جن سے بچنا ہے اور جن کو اختیار کرنا ہے لیکن یہ اب ان لوگوں کی ذمہ داری ہے جو انسانی معاملات کی کشتی چلا رہے ہیں کہ ان تنبیہات پہ کان دھریں اور سر پر کھڑے خطرات سے اس کشتی کو محفوظ پرامن جگہ لے آئیں۔ ان خطرات کی وجوہات بدقسمتی سے اس کے اندر ہی ہیں۔ انسانی رویہ کی تمام سرگرمیوں کا ایک تنقیدی اور حقیقت پسندانہ تجزیہ کئے بغیر ان مسائل کا مناسب اور قابل فہم حل تلاش نہیں کیا جاسکتا۔ سادہ الفاظ میں ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ انسانی مسائل کا حل بنیادی انسانی اخلاقیات کی بحالی میں پنہاں ہے یعنی دوسروں کے بارے میں سچائی، ایمانداری، راست بازی، انصاف، دیانتداری سے کام لینا اور وہ لوگ جن کو آپ جانتے نہیں ہیں ان کی تکلیف کا احساس اور مجموعی طور پر اچھے رویے کا مظاہرہ کرنا۔ انسانی تعلقات میں سے ان خوبیوں کو نکال دیں اور پھر دیکھیں کہ کس طرح مصیبتیں آپ کو آ گھیریں گی۔ لہٰذا ان مسائل کا صرف یہی ایک منطقی حل ہے۔

سورۃ القمر میں ان حقائق کی وضاحت کے طور پر ان پہلی اقوام کا ذکر ہے جنہوں نے خدا کے بھیجے ہوئے وقت کے پیغمبروں کی انتباہ پر کان نہ دھرے۔ نتیجہ کے طور پر دنیا نے ان کا وہ دردناک انجام دیکھ لیا جس کا انہیں وعدہ دیا گیا تھا اور بعد از وقت پچھتاوا ان کے کسی کام نہ آسکا۔ ان تنبیہات کا صرف یہی مقصد ہے کہ بعد میں آنے والی نسلیں عبرت پکڑیں۔ اسی لئے قرآن ان المناک واقعات کی طرف اشارہ کررہا ہے کہ شاید بعد کی نسلیں اپنے سے پہلوں کے دردناک انجام سے زندگی گزارنے کا سلیقہ سیکھیں۔

اور ان کے پاس کچھ خبریں پہنچ چکی تھیں جن میں سخت زجر و توبیخ تھی۔ کمال تک پہنچی ہوئی حکمت تھی۔ پھر بھی انذار کسی کام نہ آئے۔

(سورۃ القمر آیت 6،5)

پھر بھی اگر لوگ سبق نہ سیکھیں تو وہ خود ہی اپنے برے انجام کے ذمہ دار ہوں گے۔

ایٹمی تباہی سورۃ طٰہٰ میں بھی زیر بحث آئی ہے کہ بالآخر اس کا انجام کیا ہوگا۔ یہ آیت بڑی وضاحت کے ساتھ بتا رہی ہے کہ دھماکہ کے نتیجہ میں نسل انسانی کا وجود دنیا سے ختم نہیں ہوگا بلکہ اس وقت کی بڑی طاقتوں کا غرور اور تکبر ٹوٹے گا۔ (ذیل میں درج) آیت بڑے واضح الفاظ میں پیش گوئی کررہی ہے کہ یہ نسل آدم کا نقطہ اختتام نہیں ہوگا بلکہ صرف متکبر سیاسی طاقتوں کا نقطہ زوال ہوگا اور پھر ان کے مقبروں سے دنیا کا نیا قانون ابھرے گا۔ پہاڑوں جیسی طاقتیں ریزہ ریزہ اور ریت کے چٹیل میدانوں کی طرح ہوجائیں گی۔ جس میں تمہیں کوئی بلند یا پست یا اونچا یا نیچا نظر نہیں آئے گا۔

اور وہ تجھ سے پہاڑوں کے متعلق سوال کرتے ہیں۔ تو کہہ دے کہ انہیں میرا رب ریزہ ریزہ کردے گا۔ پس وہ انہیں ایک صاف چٹیل میدان بنادے گا۔ تو اس میں نہ کوئی کجی دیکھے گا اور نہ نشیب و فراز۔ اس دن وہ اس دعوت دینے والے کی پیروی کریں گے جس میں کوئی کجی نہیں اور رحمان کے احترام میں آوازیں نیچی ہوجائیں گی اور تو سرگوشی کے سوا کچھ نہ سنے گا۔

(سورۃ طٰہٰ 106 تا 109)

اور وہ خدا جو سب سے بہتر ہموار کرنے والا ہے اس کے ہاتھ یہ حیرت انگیز تبدیلی ہیئت سرانجام دیں گے۔ پہاڑ کا لفظ طاقتور حکومتوں، لوگوں اور قوموں کے لئے علامتی طور پر استعمال ہوا ہے۔ قرآن پیش گوئی کررہا ہے کہ جب ایک مرتبہ ان کا غرور ٹوٹ جائے گا تو پھر وہ عاجز اور سیدھے ہوجائیں گے اور اس قابل ہوجائیں گے کہ خدا کی طرف بلانے والے بندے کی آواز پر لبیک کہیں جو ان کے بارے میں کوئی کجی نہیں رکھتا۔ جس تباہی کا ذکر ہورہا ہے وہ سینکڑوں نیوکلیئر دھماکوں ہی کا نتیجہ ہوسکتی ہے اور جو اس وقت آئے گی جب انسان سبق نہیں سیکھیں گے اور ان کے متکبرانہ سر اس صریحاً خلاف ورزی کے نتیجہ میں جھکائے جائیں گے۔ اس دہلا دینے والے تنبیہی بیان کے بعد ایک عظیم الشان امید کا پیغام بھی دیا گیا ہے کہ بہرحال نسل انسانی زندہ رہے گی اور روشنی کے ایک نئے دور میں داخل ہوگی۔ اور انسان اپنی غلطیوں کی اصلاح کرے گا۔ اگر اس تباہی سے پہلے نہیں تو کم از کم اپنی غلطیوں اور کھلم کھلا نافرمانی کے کچھ پھل چکھ لینے کے بعد تو ضرور۔

قرآن کی ایک دوسری سورۃ میں وسیع پیمانے پر جغرافیائی اور ماحولیاتی تبدیلیوں کا ذکر ہے کہ زمین کے بہت سے خطے، ممالک اور براعظم مکمل طور پر سنسان ہوجائیں گے۔ یقیناً یہ اسی تباہی کے نتائج ہیں جن پر ہم پہلے بحث کرچکے ہیں۔ اس تباہی سے پہلے وہی جگہیں دنیا کے خوبصورت اور قابل دید مقامات میں شمار ہوتی تھیں اور جن کا حسن و جمال خیرہ کن تھا۔ ہماری خواہش ہے کہ قرآن کی یہ پیش گوئیاں یا کم از کم یہ پیش گوئی وقوع پذیر نہ ہو۔ یقیناً یہ خواہش قرآن کی انذاری پیش گوئیوں کی بے ادبی نہیں ہے۔ بلکہ یہ تو محض ہمارا اس خدائے رحیم و کریم پر غیر متزلزل ایمان ہے۔ جو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ سب سے بڑھ کر مہربان ہے۔ کیونکہ تمام انذاری پیش گوئیاں انسانی رویوں کے ساتھ مشروط ہوتی ہیں۔ اس کی مثال میں حضرت یونسؑ کی قوم پیش کی جاسکتی ہے۔ جو خدا کے وعیدی عذاب سے بچائی گئی کیونکہ وہ پچھتاتے ہوئے اس کے آگے جھک گئے تھے۔ آج یہ واقعہ ہمارے لئے امید کی کرن ہے۔ اس حقیقت کے باوجود کہ اس امید کا کوئی اصولی جواز نہیں کیونکہ انسان کی اخلاقی اقدار متواتر انحطاط پذیر ہیں لیکن پھر بھی یہی ایک امید ہے جس سے ہم سب کو چمٹے رہنا ہے۔ اس سے پرے تو مکمل مایوسی کی خوفناک رات ہے۔ اور ان گہری برائیوں کا علاج صرف خدا کے ہاتھ میں ہے وہ بھی اس صورت میں اگر ہمارے ہاتھ اس کے آگے دعا کے لئے اٹھیں۔ شاید ہم کچھ مشکل زبان استعمال کررہے ہیں جو آج کے انسان کے لئے سمجھنی مشکل ہے یا شاید یہ اس کے برعکس ہے جو اس کے کان سنتے آئے ہیں یا سننا چاہتے ہیں۔ اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

(Revelation..................)

عبدالسمیع خان

انفاق فی سبیل اللہ اور ایثار

آنحضرت ﷺ اور آپ کے صحابہؓ کے حیران کن نمونے

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا اے اللہ کے رسول! اجر کے لحاظ سے سب سے بڑا صدقہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا سب سے بڑا صدقہ یہ ہے کہ تو اس حالت میں صدقہ کرے کہ تو تندرست ہو اور مال کی ضرورت اور حرص رکھتا ہو۔ غربت سے ڈرتا ہو اور خوشحالی چاہتا ہو۔ صدقہ وخیرات میں ایسی دیر نہ کر یہاں تک جب جان حلق تک پہنچ جائے تو تُو کہے فلاں کو اتنا دے دو اور فلاں کو اتنا۔ حالانکہ وہ مال اب تیرا نہیں رہا وہ تو فلاں کا ہو ہی چکا۔ یعنی اب تیرے اختیار سے نکل چکا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب فضل صدقۃ الشحیح حدیث نمبر 1330)

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ انفاق فی سبیل اللہ کا بنیادی جز ایثار ہے۔ اور سب سے افضل انفاق وہ ہے جب انسان مزید کا طلبگار رہو مگر اپنی ضروریات اور خواہشات کا قلع قمع کرتے ہوئے خداتعالیٰ کی رضا کے لئے اپنا مال اور دولت قربان کر دے۔

اس عالی منزل کے عظیم ترین نظارے حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہؓ نے دکھائے۔

ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک چادر کی شدید ضرورت تھی۔ ایک صحابیہ نے اپنے ہاتھ سے چادر بن کر آپؐ کی خدمت میں پیش کی۔ آپؐ اسے زیب تن کر کے صحابہ کی مجلس میں آئے تو آپ کے جسم مبارک پر وہ بہت جچ رہی تھی۔ مگر حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ یہ چادر مجھے دے دیں۔ رسول اللہؐ جب مجلس سے واپس تشریف لے گئے تو چادر ان کو بھجوادی۔

دوسرے صحابہؓ حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ سے بہت ناراض ہوئے کہ انہوں نے چادر کیوں مانگی۔

مگر انہوں نے کہا کہ میں نے تو یہ چادر اس لئے مانگی تھی کہ مجھے بطور کفن پہنائی جائے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔

(صحیح بخاری کتاب البیوع باب النساج حدیث نمبر 1951)

ایک صحابی حضرت ربیعہ الاسلمیؓ غربت کی وجہ سے شادی نہ کرتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ان کا رشتہ کروایا۔ ولیمہ کا وقت آیا تو حضور نے انہیں فرمایا۔ عائشہؓ کے پاس جاؤ اور آٹے کی ٹوکری لے آؤ وہ فرماتے ہیں میں حضرت عائشہؓ کے پاس گیا تو انہوں نے بتایا کہ اس ٹوکری میں تھوڑا سا آٹا ہے اور اس کے علاوہ کھانے کی کوئی اور چیز نہیں لیکن چونکہ حضورؐ نے فرمایا ہے اس لئے لے جاؤ چنانچہ اس آٹے سے ولیمہ کی روٹیاں پکائی گئیں۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 4 ص 58 حدیث نمبر 15982)

حضرت ابوبصرہ غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ میں قبول اسلام سے قبل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضور نے مجھے بکری کا دودھ پیش کیا جو آپ کے اہل خانہ کے لئے تھا۔ حضورؐ نے مجھے سیر ہو کر وہ دودھ پلایا اور صبح میں نے اسلام قبول کر لیا۔

بعد میں مجھے پتہ لگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل خانہ نے وہ رات بھوکے رہ کر گزاری جبکہ اس سے پچھلی رات بھی بھوکے گزاری تھی۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 6 ص 397 حدیث نمبر 25968)

ایک بار حضرت علیؓ نے کسی معاملہ میں درخواست کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابھی تو اہل صفہ کا انتظام نہیں ہوا۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ میں تمہیں دے دوں اور اہل صفہ کو اس حال میں چھوڑ دوں کہ بھوک سے ان کے پیٹ دہرے ہوتے رہیں۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 1 ص 79 حدیث نمبر 562)

یہی سبق تھے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نے اپنے آقا و مولیٰ سے سیکھے۔

ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے فرمایا کہ کیا آج تم میں سے کسی نے مسکین کو کھلایا ہے۔ حضرت ابوبکرؓ فوراً اٹھے گھر پہنچے ان کے بیٹے عبدالرحمان کے ہاتھ میں روٹی کا ایک ٹکڑا تھا اس سے لے لیا۔ وہ لے کر مسجد گئے اور وہاں ایک سائل ملا تو روٹی کا وہ ٹکڑا اسے دے دیا۔

(سنن ابو داؤد کتاب الزکوٰۃ باب المسئلۃ فی المسجد حدیث نمبر 1422)

حضرت دکینؓ بن سعید فرماتے ہیں کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم 440 آدمی تھے اور ہم نے حضورؐ سے غلہ مانگا۔ آپؐ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا اٹھو اور انہیں دو۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یارسول اللہؐ میرے پاس تو صرف اتنا ہے جو میرے اور میرے بچوں کے لئے گرمی کے موسم میں کفایت کرے۔ آپؐ نے فرمایا اٹھو اور دو۔ چنانچہ حضرت عمرؓ ان سب لوگوں کو ساتھ لے کر گھر آئے۔ کمرہ کھولا تو وہاں کھجوروں کا چھوٹا سا ڈھیر تھا۔ ہم میں سے ہر آدمی نے اپنی ضرورت کے مطابق اس میں سے لے لیا۔ مگر خدا کی قدرت کہ اس ڈھیر میں ذرہ برابر کمی نہ آئی۔

(حلیۃ الاولیاء جلد 1 ص 365)

ایک دفعہ حضرت علیؓ کے پاس کسی سائل نے آ کر سوال کیا تو آپ نے حضرت حسنؓ یا حسینؓ سے فرمایا کہ اپنی ماں سے جا کر کہو کہ میں ان کے پاس چھ درہم چھوڑ آیا ہوں۔ ان میں سے ایک درہم دے دیں۔

چنانچہ وہ صاحبزادے گئے اور واپس آ کر کہا کہ اماں جان کہتی ہیں کہ آپ نے آٹا خریدنے کے لئے وہ چھ درہم چھوڑے ہیں۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ بندے کا ایمان سچا نہیں ہو سکتا جب تک کہ بندہ کو اس چیز پر جو اللہ کے قبضہ میں ہو، زیادہ اعتماد نہ ہو۔ بہ نسبت اس چیز کے جو بندے کے قبضہ میں ہو۔ جا کر اپنی ماں سے وہ چھ درہم لے آؤ۔

حضرت فاطمہؓ نے وہ رقم بھیجی اور حضرت علیؓ نے وہ چھ کے چھ درہم اس سائل کو دے دیئے۔

(کنز العمال جلد 3 ص 310)

اسی طرح ایک مسکین نے حضرت عائشہؓ سے کچھ مانگا۔ اس دن آپ روزہ سے تھیں اور گھر میں سوائے ایک چپاتی کے اور کچھ نہ تھا۔ آپ نے اپنی خادمہ سے فرمایا یہ روٹی سائل کو دے دو۔ خادمہ نے کہا کہ پھر آپ کس چیز سے روزہ افطار کریں گی حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ روٹی ضرور اس سائل کو دے دی جائے۔

ایک دفعہ کسی مسکین نے حضرت عائشہؓ سے کھانا طلب کیا۔ ان کے سامنے انگور کا ایک خوشہ رکھا ہوا تھا۔ حضرت عائشہؓ نے ایک آدمی سے کہا کہ یہ خوشہ اٹھا کر سائل کو دے دو۔ اس آدمی نے تعجب کیا مگر آپ نے یہ آیت پڑھی۔

فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ

اگر کوئی ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا تو اس کا بدلہ پائے گا۔

(مؤطا امام مالک۔ کتاب الجامع باب الترغیب فی الصدقۃ)

ایک مرتبہ حضرت معاویہؓ نے حضرت عائشہؓ کی خدمت میں ایک لاکھ درہم بھیجے۔ شام ہونے تک آپ نے سب کے سب تقسیم کر دیئے۔ اس دن آپ کا روزہ بھی تھا۔ افطاری کا وقت آیا تو لونڈی نے کہا کہ گھر میں آج افطاری کے لئے کچھ بھی نہیں ہے۔

(مستدرک حاکم جلد 4 ص 13)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ ایک بار بیمار تھے۔ آپ نے فرمایا میرا دل مچھلی کھانے کو چاہتا ہے۔ لوگوں نے آپ کے لئے مچھلیاں تلاش کیں۔ بڑی تلاش کے بعد صرف ایک مچھلی ملی۔ اس مچھلی کو ان کی بیوی حضرت صفیہ بنت عبید نے کھانے کے لئے تیار کر دیا اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے سامنے پیش کیا۔ اتنے میں ایک مسکین آیا اور حضرت ابن عمرؓ کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ انہوں نے وہ مچھلی اٹھا کر اسے دے دی۔ گھر والوں نے عرض کیا تھا کہ آپ نے تو ہمیں اس مچھلی کی تلاش میں تھکا دیا تھا۔ ہم مسکین کو درہم دے دیتے ہیں وہ درہم اس کے لئے مچھلی سے زیادہ مفید ہوگا۔ آپ مچھلی کھا کر اپنی خواہش پوری کیجئے۔ مگر حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ اس وقت میرے نزدیک یہی مچھلی محبوب ہے اور اسے ہی صدقہ کروں گا۔

(حلیۃ الاولیاء جلد 1 ص 297)

حضرت سعید بن عامرؓ ایک دفعہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہو گئے۔ حضرت عمرؓ کا دور خلافت تھا جب ان کو معلوم ہوا تو انہوں نے ایک ہزار دینار حضرت سعیدؓ کو بھجوا دیئے۔ وہ یہ دینار لے کر اپنی بیوی کے پاس آئے اور واقعہ بتایا۔ بیوی نے کہا آپ اس رقم سے کچھ کھانے پینے کا سامان اور غلہ خرید لیں۔ فرمانے لگے کیا میں تجھے اس سے بہتر بات نہ بتاؤں۔ ہم اپنا مال اس کو دیتے ہیں جو ہمارے لئے تجارت کرے اور ہم اس کی آمدنی سے کھاتے رہیں اور اس مال کی ضمانت بھی وہی دے۔ بیوی نے کہا بالکل ٹھیک ہے۔

حضرت سعیدؓ بن عامر نے وہ تمام دینار اللہ کی راہ میں خرچ کر دیئے اور تنگی اور ترشی میں گزارہ کرتے رہے۔

(حلیۃ الاولیاء جلد 1 ص 244)

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ میں بہت زیادہ مبتلائے مشقت ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے فرمایا آج کی رات اسے کون مہمان کے طور پر ٹھہرائے گا۔ حضرت ابوطلحہؓ انصاری نے کھڑے ہو کر عرض کیا۔ یارسول اللہ میں۔ چنانچہ وہ اسے گھر لے گئے اور اپنی بیوی سے پوچھا کچھ کھانے کے لئے ہے اس نے کہا سوائے بچوں کے کھانے اور کچھ نہیں۔ انہوں نے بیوی سے کہا بچوں کو کسی چیز سے بہلا دے اور جب وہ شام کا کھانا مانگیں تو انہیں سلا دے۔ اور جب ہمارا مہمان اندر آئے تو چراغ بجھا دینا۔ (پردہ کے احکام ابھی نازل نہیں ہوئے تھے) چنانچہ انہوں نے مہمان کی آمد پر چراغ گل کر دیا اور بچوں کو سلا دیا اور خود دونوں میاں بیوی مہمان کے ساتھ بیٹھ کر اندھیرے میں منہ ہلاتے رہے گویا کھانا کھا رہے ہیں۔ اس طرح گھر کے سب لوگ فاقہ سے رہے اور مہمان نے سیر ہو کر کھانا کھایا۔ اللہ تعالیٰ کو ان کی یہ ادا اتنی پسند آئی کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعہ سے اس واقعہ کی خبر دی۔ حضورؐ نے صبح حضرت ابوطلحہؓ کو بلایا اور ہنستے ہوئے فرمایا کہ رات تم نے مہمان کے ساتھ کیا کیا۔ اللہ تعالیٰ کو تم دونوں کی یہ بات بہت پسند آئی ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الاشربہ باب اکرام الضیف، حدیث نمبر 3839)

رسول اللہ کی تربیت کے نتیجے میں صدقہ لینے

والے، صدقہ دینے والے بن گئے۔

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک جمعہ کو ایک بدحال شخص مسجد میں داخل ہوا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی خاطر صدقہ کی تحریک فرمائی۔ صحابہؓ نے کچھ کپڑے پیش کئے تو رسول اللہؐ نے دو کپڑے اسے دے دیئے۔ اگلے جمعہ کو وہ پھر آیا اور رسول اللہؐ نے جب صدقہ کی تحریک کی تو اس نے دو کپڑوں میں سے ایک پیش کر دیا۔ مگر رسول اللہؐ نے فرمایا کہ تم اپنا کپڑا اٹھالو۔

(سنن نسائی کتاب الجمعہ باب حث الامام علی الصدقة حدیث نمبر 1391)

حضرت جریرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک غریب قوم کے لوگ حاضر ہوئے جو ننگے پاؤں اور ننگے بدن تھے ان کی حالت دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ متغیر تھا اور آپ نے صحابہؓ کو جمع کر کے خطاب کیا اور ان کے لئے صدقہ کی تحریک فرمائی۔ صحابہؓ نے دینار، درہم، کپڑے جو اور کھجور صدقہ کیا یہاں تک کہ کپڑوں اور غلے کے دو ڈھیر جمع ہو گئے۔

حضرت جریرؓ کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ رسول اللہؐ کا چہرہ یہ منظر دیکھ کر سونے کی ڈلی کی طرح چمک رہا تھا۔

(صحیح مسلم کتاب الزکوٰة باب الحث علی الصدقة حدیث نمبر 1691)

یہ وہ پاکیزہ قوم تھی جو موت نہیں زندگی بانٹتی تھی اور یہی وہ فوج تھی جو ذلت نہیں عزت عطا کرتی تھی۔

یہ وہ دل تھے جو انسانیت کے لئے دھڑکتے تھے انہوں نے مرنا قبول کر لیا مگر انسان کو زندگی دی اور یہی موت ہے جس سے انسان آج بھی زندہ ہوگا۔

انسان بردار خلائی سفر

